In this hurly-burly it has been tempting to go for comparisons, and some people have brought out the Tashkent Declaration with intent to "prove" that the Simla Accord was "something worse than the Tashkent Declaration." Such a comparison though, is futile as much as it is unfair. In the Tashkent Declaration the relative positions of the contracting parties were at wide variance with what they were at Simla. In the former the parties had more or less equal bargaining positions. By some account, we had a somewhat more cards to play inasmuch as we certainly had not come out the second best in the 1965 conflict. Besides, the world opinion was more tilted towards us with India even complaining that she had "no real friends." We had more Indian prisoners and more Indian territory in our hands than India had ours, and East Pakistan too was intact. Indeed, the 1965 War had afforded us the opportunity to laud East Pakistan's solidarity with us and this had helped bolster morale in both wings of the country to a high pitch. Tashkent, besides, was a mere declaration of intent to be followed by something more substantive in the way of a lasting amity between the two countries. The Simla Accord is a more precise and obligatory document.

But Tashkent had run into difficulties almost from the first day. Too many expectations had been stirred up before and during the negotiations and when the outcome was just a pale declaration there was uproar in the country. Indeed, instead, of providing itself to be an instrument of amity Tashkent turned out to be the seed-germ of those deleterious factors which had their culmination in the disastrous events of 1971. Why this was so was because the Tashkent Declaration could never strike at the root-cause of Indo Pakistan animosities, so that it was foredoomed to be a failure right from the outset.

Circumstances of the Simla Accord were totally different. For one thing, we had lost the 1971 war and India had won it. This may be an unpleasant admission to make, but this is the long and short of what has transpired. Half the country was lost, the ideology was smashed, 93,000 of our soldiers became prisoners of war and 5,000 square-miles in West Pakistan also were overrun by the Indians. This could be a bad enough blow by all standards, and for a time the question was whether anything at all could be possible to clean up this mess.

The implications of the relevant positions are significant. We certainly have come out the second best in the December 1971 conflict. The sad part of it is that in the crucial two weeks of the war our 20 years old concept of "strategic defence" was shattered. The idea that East Pakistan could be "defended" effectively enough by means of a powerful counter-stroke from the side of West Pakistan did not work and, instead, we lost much more than we gained even in West Pakistan and in Kashmir. If the cease-fire had not come and India had swung the bulk of her seven divisions and the whole of her air force from the eastern front to the western, as she had started doing, things would likely have been different. The cease-fire had come not a bit too soon.

We went for Simla talks against such a sombre background. With the bargaining position so heavily tilted in India's favour and with her holding almost all the cards the surprising thing was not what was achieved but what was averted. Things could have been worse, and so Simla need to be viewed from that angle. The alternative was a complete breakdown, continuance of the confrontation, despair for the prisoners and prolonged misery for the nearly 12 lakh West Pakistanis displaced by the war. The confrontation besides, would have kept nibbling away at our enfeebled economy leaving it in no shape to stand up to the demands of even the barest needs.

These were the alternatives in the face of which the Simla Accord should seem a windfall. But, even so, the real crunch is yet to come. Although we have managed to avert a package deal rightaway as India had wanted, but by and by other points of discord will be coming up as the follow-up negotiations proceed and it is evident that unless all the major differences are sorted out the seed-germs of conflict will still be there, with the confrontation again showing no abatement. There may be those who would want this to remain the case but as events have proved, their viewpoint could not be conducive to the best interests of the country. The intention should be to bury the hatchet for good, to work for the easement of tensions and to reduce the crippling cost of the confrontation so that the economy could be diverted to more gainful purposes.

The flashpoint of future negotiations is likely to be Kashmir which invariably has touched raw nerves in this country. On this score, President Bhutto has elaborately enunciated the pros and cons of the Kashmir case in his recent address to the Institution of International Affairs, and that is likely to be the line taken in the future negotiations. The country no doubt has deep sentiments on Kashmir to be sure, but then what can we do? There have been three wars fought, a long string of United Nations, sponsored commissions come and a costly confrontation kept up on this one issue. And yet from year to year the issue was getting diluted in the United Nations counsels until it now remains a mere ghost of what it once was. It will be foolhardy and highly presumptuous to expect the United Nations to assert itself effectually enough in the dispute. On this there should now be no two views. So if the United Nations has proved of little avail and if wars also have brought no results then the only practical recourse lay in going for bilateral talks with India. Whatever the settlement the inherent right of the Kashmir people to struggle for their self-determination will not be compromised. It will thenceforth be entirely up to them to chalk out their proper recourse.

There may still be a multiplicity of problems bearing on Kashmir such as the actual implementation on the ground of certain stipulations including, importantly, the term "line of actual control". Although in the present scheme of withdrawals Kashmir has been discretely left alone, but obviously Kashmir will be coming to the fore when the present withdrawals have been completed and the troops also pulled back hopefully, from the present battle positions, Kashmir then will have loomed up to the accompaniment, perhaps, of tirades of criticism coming mostly from people who know next to nothing of the real implications. Boldness and circumspection should then be the keynotes of policy and the people told that the settlement was reached not because it was the last word but because it was the only thing possible under the circumstances.

All in all, then, the Simla Accord bids fair to become a highpoint of a historical shift, as being one that opens up new vistas that would have helped dissipate the rancour, the hates and fears that had trailed the partition and then kept dominating the outlooks resulting in wars, confrontations and shattering blows to the economies on both sides. If the start so made helps take things to their logical conclusion, the Simla Accord will have stood out as one of the turning points of history. The one thing that it should implore was not to be pooh-poohed, still less to be labelled as something sinister. It signifies the beginning of a realistic approach to the solution of some deep-seated and hitherto seemingly insoluble problems. This being so, it should at least be given a fair chance, and not just be dismissed out of hand as some people have preferred doing.

VOICE OF PAKISTAN' RADIO PROGRAMME.

The program Sada-i-Pakistan is transmitted of the CHIN Radio(101FM) every Sunday from 8.00 to 8.30 PM.

Opposition front under Bhashani in offing

KATHMANDU, Aug. 13: A United Front is emerging in "Bangla Desh" under the leadership of Maulana Abdul Hamid Khan Bashani in opposition to the ruling Awami League of Sheikh Mujibur Rahman, according to news reports reaching here.

The NAP National Council is scheduled to meet at Santosh in Tangail on Sept. 30 and the question of formation of the United Front and other allied matters will be taken up at the council session. The Council will also chalk out plans for contesting the next general elections expected to take place some time next year.

Dacca reports said the United Front proposal was mooted at a meeting of the NAP Organising Committee held in Tangail recently. Some other opposition political parties and groups also participated in the meeting.

The Dacca weekly, Holiday, said that a series of talks had taken place between leaders of some parties and Maulana Bhashani recently for setting up a "broad-based democratic united opposition". It says although the proposal has yet to be given a concrete shape, the prospects for the United Front were bright.

The Bhashani group has also decided at the recent Organising Committee meeting that it would launch a "massive movement" against the Mujib Government if a constitution was not provided to the country by Oct. 8. It said if the constitution did not reflect "the hopes and aspirations of the people", the NAP would not accept it and ask the people to accept a constitution prepared by it.

Maulana Bhashani is reported to have hinted at the meeting if the Awami League failed to established real socialism, he would not mind accepting the leadership of a new socialist government.—APP.

HONG KONG, Aug. 13: Chinese Premier Chou En-lai had a meeting in Peking today with the visiting United Nations Secretary-General, Mr. Kurt Waldheim, the New China News Agency said.—Reuter.

AFRO-ASIAN FOOD DISTRIBUTORS.

FIRST HALAL MEAT SHOP IN TORONTO.

ALL KINDS OF SPICES, CONDIMENTS, BASMATI RICE, ETC, ETC.

FOR ALL YOUR SHOPPING NEEDS PLEASE VISIT US.

WE IMPORT FROM PAKISTAN

AFRO-ASIAN

918 PAPE AVE, TORONTO.

call at 463-1287.

کیا آپ کا بچہ گھر کی ایک غیر ضروری شے ہے؟

اسکولوں میں چھٹیاں ہیں۔ بچوں کی مائیں بولائی بولائی پھر رہی ہیں کہ بوتل سے نکلے ہوئے ان جن کو کیسے قابو میں لائیں۔ کچھ ماؤں نے آرٹس اسکولوں کو درخواستیں بھیجی ہیں کہ گرمی کی ان چھٹیوں میں بچوں کے لئے پینٹنگ کلاسز شروع کی جائیں۔ (تاکہ ماؤں کو ان 'بلاؤں' سے نجات مل سکے)

زنانہ کلبوں اور سوشل ورک کے اداروں میں جہاں دو عورتیں مل بیٹھتی ہیں، کافی کی چسکیاں لیتے وقت صرف ایک ہی مسئلہ انہیں پریشان کرتا ہے وہ یہ کہ ان چھٹیوں میں اپنے بچوں سے کیسے چھٹکارا حاصل کیا جائے پھر مائیں ٹھنڈی سانس بھر کے موضوع بدلنے کی کوشش کرتی ہیں اور کچھ یہ کہہ کر اپنے دل کو تسلی دیتی ہیں کہ جہاں دو چار روز گزر گئے وہیں چھٹی کے باقی دن بھی کٹ جائیں گے۔

ماؤں کی باتیں سن کر احساس ہوتا ہے جیسے بچے گھر میں ایسی غیر ضروری اشیاء کی حیثیت رکھتے ہیں جو عرصہ سے گودام میں بند پڑی تھیں کسی وجہ سے گودام میں ان کیلئے گنجائش نہیں رہی۔ اس لئے اب یہ چیزیں گھر کے مختلف کمروں میں بکھری پڑی ہیں مصیبت تو یہ ہے کہ ان غیر ضروری چیزوں کو اٹھا کر پھینکنے کو دل نہیں چاہتا لیکن گھر کا کوئی ایسا فالتو کونہ بھی نظر نہیں آتا جہاں انہیں سمویا جاسکے۔

اس بات چیت کا مطلب یہ نہیں کہ مائیں اپنے بچوں سے محبت نہیں کرتیں۔ وہ انہیں اور کسی جذبے کے تحت چاہیں یا نہ چاہیں مگر ماں تا چاہت پر مجبور کرتی ہے۔ البتہ مشکل یہ ہے کہ مائیں چاہت کے اظہار کے طریقے بھول گئی ہیں یا پھر ان طریقوں سے واقف نہیں۔

گوناگوں مصروفیات نے ماؤں کے دل و دماغ میں اتنی جگہ نہیں چھوڑی جہاں وہ اپنے بچوں کے لئے گنجائش پیدا کرسکیں۔ ماؤں کے پاس اپنے بچوں کی دیکھ بھال کے سوا پہلے کوئی کام نہیں ہوتا تھا۔ اب ان کے پاس ہر قسم کا کام موجود ہے۔ اس صورتحال نے ماں اور بچے کے درمیان ایک دیوار کھڑی کردی ہے۔ ڈھائی تین سال کی عمر میں بچے کو نرسری میں ڈال دیا جاتا ہے اس فرصت سے فائدہ اٹھا کر مائیں نوکری کرتی ہیں۔ جنہیں نوکری کی ضرورت پیش نہیں آتی وہ سوشل ورک اور ادھر ادھر کے جھمیلوں میں پڑ جاتی ہیں یہاں تک کہ بچوں کی نگہداشت ثانوی حیثیت اختیار کرلیتی ہے۔ جب سال میں ایک بار گرمی کی تعطیلات میں ڈیڑھ دو مہینے کا وقفہ ماں اور بچے کو ہم مل بیٹھنے کا ملتا ہے تو ماؤں کی سمجھ میں نہیں آتا کہ اس موقع سے پورا پورا فائدہ کیسے اٹھایا جائے ایسے میں وہ بچوں کی چھٹیوں کو ہی مسئلہ سمجھنے لگتی ہیں۔

مت بھولئے کہ بچے کی پہلی ضرورت آپ ہیں۔ دو مہینے کی ان چھٹیوں میں بچے کو آپ کی شفقت اور محبت کی بطور خاص ضرورت ہے۔ اس عرصہ میں آپ کو ذاتی مصروفیات کی قربانی دینی ہوگی۔ تعلیم، کھیل کود اور ٹیلیویژن نے بچے اور آپ کے درمیان جو دوری پیدا کردی ہے، آپ کو اسے ختم کرنے کی کوشش کرنی ہے۔ اس مدت میں افہام و تفہیم کی گنجائش نکل سکتی ہے اپنے بچے کو سمجھنے کی کوشش کیجئے۔ اس کے بھی چھوٹے بڑے کئی مسائل ہو سکتے ہیں۔ باہمی رابطے کی کمی کی وجہ سے بچہ اپنے مسائل ماں تک نہیں پہنچا سکتا۔ آپ کو یہ مسائل کرید نے ہوں گے۔ تاکہ ننھا ساذہن ابھی سے الجھنوں کا شکار نہ ہوجائے۔

بچے کے ذہن کو الجھنوں سے نجات دلانے کے ساتھ ہی اس کی جسمانی صحت بھی قابل توجہ ہے۔ چاہے آپ کو بار بار کیوں نہ چکر لگانے پڑیں۔ لیکن بچے کو لے کر ہسپتال ضرور جایئے۔ اور اس کا طبی معائنہ کروا دیجئے۔ خدانخواستہ وہ کسی بیماری کا شکار تو نہیں ہے۔ کمزوری یا کسی بیماری کا بر وقت علم ہو جائے تو علاج ممکن ہے اور تکلیف سے فوراً نجات ہو سکتی ہے۔ ورنہ عمر بڑھنے کے ساتھ بیماری جڑ پکڑتی ہے اور معالجہ میں کافی عرصہ لگتا ہے۔ اور اگر بچہ بیماری میں مبتلا نہ ہو تو کیا یہ بات ماں کی تسلی کے لئے کافی نہیں کہ اس کا بچہ صحت مند ہے۔

گرمی کی چھٹیوں کو بچوں کے لئے اس قدر خوش رنگ بنایئے کہ وہ گزرے ہوئے ہر لمحے میں دلچسپی لیں۔ زندگی کی یکسانیت سے بڑے بھی اکتا جاتے ہیں بچے کو ایک اسکول سے فرصت ملے اور دوسرے اسکول میں داخل کردیا جائے تو اس کے لئے روز و شب میں کوئی تبدیلی نہیں ہوگی۔ اگر آپ بچے سے چھٹکارا نہیں حاصل کرنا چاہتیں بلکہ واقعی اسے پینٹنگ سکھانا چاہتی ہیں تو رنگ برش اور کینوس کا استعمال گھر میں بھی ممکن ہے۔

یوں تو بچے صبح اٹھتے ہی تیار ہو کر اسکول بھاگ کھڑے ہوتے ہیں لیکن ان چھٹیوں میں انہیں اپنا کام اپنے ہاتھ سے کرنے کی عادت سکھائی جاسکتی ہے۔ بچوں کو اپنا بستر خود لگانے دیں۔ اپنے کپڑے، کتابیں، کھیل کا سامان وہ خود سنبھالیں گے تو استعمال کے لئے نکالتے وقت آپ کو نہیں پکاریں گے۔

اپنے بچے کے کام کاج کو صرف گھر کے اندر کی مصروفیات تک محدود نہ رکھیں۔ بچے کی ذہنی نشوونما کے لئے ضروری ہے کہ اسے مختلف مقامات کی سیر کرائی جائے۔ اگر اپنے شہر سے کسی دوسرے شہر جانے کی راہ میں کوئی مجبوری حائل ہو تو ایسے مقامات شہر کے اندر تلاش کئے جاسکتے ہیں۔ آپ کو تجربے سے معلوم ہوگا کہ بچوں کے لئے عجائب گھر کی سیر نہ صرف باعث تفریح ہے بلکہ ذریعہ تعلیم بھی ہے۔ عجائب گھر ایسی جگہ ہے جو تقریباً ہر شہر میں موجود ہے۔ ایسے مقام کی سیر کے دوران میں بچے کے ذہن میں مختلف سوال اٹھیں گے۔ ان کے جواب مہیا کرنا آپ کا کام ہے۔ اس طرح بچے کا علم صرف درسی کتابوں تک محدود نہیں رہے گا۔ بچے جانوروں سے زیادہ محبت کرتے ہیں چڑیا گھر کی سیر کرتے وقت بچے پوری طرح اپنے ماحول میں کھو جاتے ہیں۔ ہوسکتا ہے آپ کے بچے کی محبت جانوروں سے اتنی بڑھے کہ بڑا ہو کر وہ علم حیوانات کا ماہر بنے۔

ہمیں اپنی مصروفیات سے بہرحالت میں بچوں کے لئے وقت نکالنا چاہئے۔ امریکہ کے ہر شہر میں کوئی نہ کوئی تاریخی مقام ضرور موجود ہے جنتے میں ایک آدھ بار ان تاریخی جگہوں کی سیر بچوں کے لئے ضروری ہے۔ ورنہ شہر میں پبلک لائبریری کوئی ایسی بری جگہ نہیں کہ بچوں کو اس سے دور دور رکھا جائے۔ یہ دیکھنے کے لئے کہ بچہ انجانے میں کسی نامناسب کتاب کا انتخاب نہ کریں۔ آپ کا ساتھ ہونا ضروری ہے۔ قصے کہانیوں کی کتابیں بچوں کی ذہنی نشوونما میں اہم کردار ادا کرتی ہیں۔

ضروری نہیں کہ گرمی سردی کی پرواہ کئے بغیر آپ ہر روز بچوں کے ساتھ تفریح کی غرض سے روزانہ پا بسفر نظر آئیں۔ بچوں کے لئے تفریح و تعلیم کے سامان گھر کے اندر بھی مہیا کئے جاسکتے ہیں۔ آپ کے چھوٹے سے باغیچے میں پھول پتے ضرور بکھرے پڑے ہوں گے۔ کیاری میں بکھرے ہوئے ان خشک پودوں کو بچوں کے لئے اکٹھا کرنا کچھ مشکل نہیں۔ ان کے دل میں باغبانی کا ذوق پیدا کیجئے ایک دن آپ ان کے ساتھ مل کر پودوں کی دیکھ بھال کریں۔ دوسرے دن بچے آپ کی ضرورت محسوس نہیں کریں گے اور خود ہی گل چینی کرتے نظر آئیں گے۔ ہر نیا پھول دیکھ کر بچہ سمجھے گا جیسے وہ اسی کی کاوش کا نتیجہ ہے جو بچہ چند روز پہلے نئے کھلتے ہوئے پھول کو توڑ کر چل دیتا تھا اب اس انتظار میں ہوگا کہ کب نئی کونپل پھوٹتی ہے۔

چھوٹے بچوں کو کوئی کھیل اتنا پسند نہیں جتنا کہ مٹی سے کھیلنا۔ اگر بچہ دو تین گھنٹے مٹی سے کھیل لے تو کوئی مضائقہ نہیں۔ گندے کپڑے اور کیچڑ بھرے ہاتھ پیر دھوئے جاسکتے ہیں۔

وہاں شادی کے لئے ٹکریں مارنا پڑتی ہیں

انسان کی زندگی میں شادی نہایت اہم اور نمایاں مقام رکھتی ہے۔ یہ ایک یادگار اور دلچسپ تقریب بنانے کی خاطر لوگ گوناگوں رسمیں ادا کرتے اور کھیل تماشوں کا اہتمام کرتے ہیں۔ اس پرمسرت موقع پر ان تمام مذہبی، سماجی، ثقافتی اور روایاتی عقائد کی جھلک دیکھی جاسکتی ہے جن سے کسی ملک یا معاشرے کے افراد وابستہ ہوتے ہیں۔ بہت سے ملکوں میں تو اس قدر دلچسپ اور عجیب و غریب رسمیں ادا کی جاتی ہیں کہ مدتوں ان کی یاد ذہنوں میں تازہ رہتی ہے۔

سندھی عام طور پر نکاح کی تقریب رات بھیگ جانے کے بعد ادا کرتے ہیں نکاح سے دو گھنٹے پہلے لاؤن لاہن کی رسم ادا کی جاتی ہے۔ دولہا اور دولہن ایک جگہ بٹھا دیئے جاتے ہیں سہیلیاں بھی ان کے ساتھ بیٹھ جاتی ہیں۔ دولہا ایک چادر اجرک اوڑھ لیتا ہے۔ دولہن کا چہرہ بھی ریشمی دوپٹے سے جو پوشی کہلاتا ہے چھپا دیتے ہیں۔ اب بڑھئے کی کوئی بڑی بوڑھی آگے بڑھ کر نہایت شفقت سے ان دونوں کے سر پر ہاتھ پھیرتی ہے۔ دولہا اور دولہن دونوں اس کے سامنے ایک دوسرے کو انگلیوں سے سات بار چھوتے ہیں۔ اس رسم کے لئے ضروری ہے کہ اس بزرگ خاتون کی ساری اولاد زندہ ہو جیتی والی عورت یہ رسم انجام نہیں دے سکتی سات بار ایک دوسرے کو چھونا نیک شگون سمجھا جاتا ہے۔ اس کے پیچھے یہ عقیدہ کارفرما ہے کہ ازدواجی رشتے میں منسلک ہونے والے جوڑے کے ہاں سات بیٹے پیدا ہوں گے۔

ترکی کے باشندوں میں نہایت قدیم زمانے سے یہ رسم چلی آتی ہے کہ شادی کا دن مقرر ہونے کے بعد جہیز میں دینے کے لئے ایک لحاف تیار کیا جاتا ہے۔ اس میں روئی بھرتے وقت سب رشتہ دار اور دوست احباب جمع ہوجاتے ہیں۔ روئی گھر کی خادمہ بھرتی ہے اور حاضرین اظہار محبت اور تحفے کے طور پر اس میں روپے پیسے پھینکتے جاتے ہیں۔ خادمہ انہیں روئی کے ساتھ ہی لحاف میں سی دیتی ہے۔ شادی شدہ جوڑا یہ رقم ایک سال سے پہلے لحاف میں سے نہیں نکال سکتا۔ اس قسم کی ایک رسم ایران میں بھی رائج ہے۔ لیکن یہاں روئی کی بجائے گوندھے ہوئے آٹے کے پیڑے استعمال کئے جاتے ہیں۔ برات کا کھانا پکانے کے لئے جب آٹا گوندھتے ہیں تو دولہا دولہن کے عزیز اقارب اس میں باری باری سکے پھینکتے جاتے ہیں۔

دنیا کے بعض ملکوں میں اس سے بھی عجیب تر رسوم دیکھنے میں آتی ہیں جنوبی افریقہ میں ہیرو نامی ایک قبیلہ آباد ہے۔ ان کے ہاں جب کوئی مرد شادی کرتا ہے تو اسے بیک وقت دو عورتوں سے نکاح کرنا پڑتا ہے۔ اپنی پسند کی لڑکی کے ساتھ ساتھ بڑی سالی بھی اس کے ساتھ رشتہ ازدواج میں باندھ دی جاتی ہے۔ جوازکی بیش دولہن کی خصتی کے وقت سیکے کی دہلیز سے لے کر دولہا کے گھر تک سارے راستے میں نوجوان لڑکے سر لپیٹ جاتے ہیں اور دولہن ان کی پشت پر سے گزرتی ہوئی دولہا کے گھر میں داخل ہوتی ہے

جنوبی بحرالکاہل کے گرد و نواح میں بکٹیری نامی قبیلے کے افراد رہتے ہیں۔ ان کے ہاں شادی کی رسم دنیا بھر کی رسموں سے سادہ اور مختصر ہے۔ شادی کا خواہش مند جوڑا قبیلے کے سردار کے پاس جاتا ہے سردار ان کے سر کو آہستہ سے آپس میں ٹکرا دیتا ہے۔ اس ٹکر کے ساتھ ہی مبارک سلامت کا شور بلند ہوتا ہے اور وہ دونوں میاں بیوی کے مقدس رشتے میں بندھ جاتے ہیں۔

مغربی ایشیا کے بعض علاقوں میں نکاح کی رسم ادا ہوچکتی ہے تو میاں بیوی ایک مخروطی گھوڑے پر سوار ہوجاتے ہیں جو کاٹھ کا یہ گھوڑا طلسمی گھوڑا کہلاتا ہے۔ دولہن کی گود میں بھیڑ یا بکری کی ایک کھال بھری ہوئی ہوتی ہے۔ جس کی بنیاد پر نیا جوڑا بد روحوں کے اثرات سے محفوظ رہتا ہے۔

جاوا کے جزائر میں شادی کے موقع پر دولہا اور دولہن کے دانتوں پر سیاہی مل دیتے ہیں مقامی روایات کے مطابق اس طرح دولہن کی خوبصورتی اور حسن میں اضافہ ہوجاتا ہے اور دولہا کی جاذبیت اور کشش بڑھ جاتی ہے نکاح کے وقت دولہن صحن کے سامنے دولہا کے پاؤں دھوتی ہے مطلب یہ ہے کہ وہ زندگی بھر اپنے شوہر کی فرمانبردار رہے گی۔

حسنِ انتخاب

اردو ادب کی تاریخ میں ولی کو اس لئے بڑی اہمیت حاصل ہے کہ انہوں نے دکن کی شعری روایات کو شمالی ہندوستان پہنچانے کا عظیم کارنامہ انجام دیا۔ جب وہ ۱۷۰۰ء میں جنوبی ہند سے دلی آئے اس وقت دہلی فارسی شعر و ادب کا چلن تھا۔ اردو کا استعمال بول چال تک ہی محدود تھا۔ اس وقت دلی میں ولی نے اپنی بول چال کی زبان میں شعر سنائے تو دنیائے ادب میں ایک ہلچل مچ گئی۔ شمالی ہند کے شعراء یہ دیکھ کر چونک اٹھے کہ ایک دکنی شاعر ان کی بول چال کی زبان میں ایسی قادر الکلامی اور فن کاری کا ثبوت دیتا ہے جو مستند شعرائے فارسی کے یہاں پایا جاتا ہے، چنانچہ اس دور کے شعراء بیدل، آرزو، حاتم اور آبرو وغیرہ نے اردو شاعری کا آغاز کیا۔

ولی نے یوں تو ہر صنف سخن میں طبع آزمائی کی ہے مگر ان کا کمال شعر ان کی غزلوں سے نمایاں ہے۔ ان غزلوں میں وہ سب کچھ موجود ہے جس کو ہم اردو غزل کا سرمایہ کہہ سکتے ہیں، گو معنوی اعتبار سے ولی کے کلام میں حکیمانہ گہرائی نہیں لیکن پیرایۂ بیان کی شگفتگی نے انہیں ہر دلعزیز شاعر بنا دیا ہے۔ دنیا صدیوں کی مسافت طے کر چکی ہے مگر ولی اپنے دل کش طرز ادا کی بنا پر آج بھی اہل ذوق میں مقبول ہے۔ کلام کا انتخاب حاضر ہے۔

تجھ لب کی صفت لعل بدخشاں سے کہوں گا
جادو ہیں ترے نین غزالاں سے کہوں گا
دی اس نے [illegible]
[illegible]

[illegible]

گرمیوں پیمانہ کے میں آتے ہیں یہاں آہستہ آہستہ
عجب کچھ لطف رکھتا ہے شب خلوت میں دلبر سے
سوال آہستہ آہستہ جواب آہستہ آہستہ

مفلسی سب بہار کھوتی ہے
مرد کا اعتبار کھوتی ہے

یک نگاہ میں غلام کرتے ہیں
خوب رو خوب کام کرتے ہیں

یاد

ان کی یاد، ان کی تمنا، ان کا غم
کٹ رہی ہے زندگی آرام کے ساتھ

تمہاری یاد کے جب زخم بھرنے لگے
کسی بہانے تمہیں یاد کرنے لگتے ہیں

ہم سے بھی نہ کوئی بات یاد تم کو آسکے
تم نے ہمیں بھلا دیا ہم نہ تمہیں بھلا سکے

مراسلہ شگفتہ شیخ
شکاگو، امریکہ

بہنیں اپنی پسند کے شعر ہمیں بھجوا سکتی ہیں۔ "حسنِ انتخاب" کے زیر عنوان شامل اشاعت کرلئے جائیں گے۔
مجلس ادارت

دلہن کی باتیں

ثریا سے ڈرن

ابھی کچھ ملنے والے ہیں۔ تالیوں کی آواز سن کر آئے ہیں۔ قوالی سننا چاہتے ہیں کیا کہہ دوں انکو؟

خط آپ کے

ادارہ کا مراسلہ نگاروں کی آراء سے متفق ہونا ضروری نہیں

قرنی
اسلام علیکم

پاکستان سقوط ڈھاکہ کے بعد دو زبردست بحرانوں کا شکار ہوا ہے ، اول صوبہ سرحد میں انتشار کی خبریں خوب نمک مرچ لگا پاکستان دشمن مغربی پریس نے شائع کیں۔

دوسری کسر اب سندھ میں لسانی جھگڑوں نے پوری کر دی ، مقام افسوس ہے کہ عوام خون میں تڑپتے رہے اور سیاسی لیڈر اپنی لیڈرشپ چمکاتے رہے۔

صدائے پاکستان میں بھی زبان کے جھگڑے کی جو خبریں آئیں ان سے کہیں کہیں جذباتیت کی روش نمایاں ہے ، اردو زبان سے سب پاکستانیوں کی طرح مجھے بھی پیار ہے ، سندھی سے بھی کوئی بیر نہیں ، لیکن اگر ہم جذبات میں زبان درازی تک اتر آئے (اگر دل آزاری بھی نہ ہو جائے) تو معاملہ بہت بگڑ جائیگا ایک زبان کو دوسری پر فوقیت دینے کا تجربہ ہم نے مشرقی پاکستان میں دیکھ لیا۔ یہی مسئلہ پاکستان کے دو ٹکڑے کرنے کا سبب بنا اب کہیں خدانخواستہ تباہی کا سبب نہ بن جائے ،

آپ نے صدائے پاکستان کے اجراء کا بیڑا اٹھایا ہے آپ کو ایسے نازک مسائل پر احتیاط سے قلم اٹھانا چاہیئے ، مبادا کسی آبگینے کو ٹھیس لگ جائے ، پھر ہم تو جذباتی قوم ہیں ، کبھی جذبات ہمیں ان داحد میں متحد کر دیتے ہیں ، کبھی ہم ایک دوسرے سے اس قدر بیگانے ہو جاتے ہیں کہ گویا کبھی مل کر رہا ہی نہ ہوگا ! ہمیں برصغیر کے مسلمانوں کے خون سے سینچی ہوئی اس امانت جسکا نام پاکستان ہے کی حفاظت کے لیئے جذبات سے بلند ہو کر سوچنا ہوگا ۔

پاکستان کی بقا کی خاطر ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے ، ہم سب ملکر اس فرض سے عہدہ برآ ہوں گے ،

انشاء اللہ

والسلام
سلیم منیر ، ایم ، ڈی نیویارک

بقیہ مکتوب پاکستان ...... از کالم ثانی

جب تک قریبی اختلافات ایک مرکز پر جمع ہونے کی صلاحیت نہیں پیدا کر لیتی کوئی بھی غیر ذمہ داران حرکت ملک میں ایک ایسا سیاسی خلا چھوڑ جائیگی جس کو آگ اور خون کے علاوہ کوئی اور چیز پر نہیں کر سکے گی ۔ یہ نوشتہ دیوار ہر پاکستانی کے سامنے ہے ، مگر ہر شخص دم بخود ہے ، صرف ایک انجانے طوفان کے انتظار میں ہے ،

ان حالات میں کیا کچھ کیا جا سکتا ہے ، یہ سب پاکستانیوں کے لیئے لمحہ فکریہ ہے ،

(ادارہ آپ کے خیال کو خوش آمدید کہیگا) ۔

پھول اور کانٹے

چہار درویش

حسن اتفاق

پراگ :- چیکوسلواکیہ میں ایک عورت کو یہ پتہ چلا کہ اس کا شوہر اس سے بے وفائی کر رہا ہے ، اس سے وہ اس قدر دل برداشتہ ہوئی کہ اس نے خودکشی کی ٹھان لی ، رات کے اندھیرے میں وہ اپنے مکان کی تیسری منزل سے کود پڑی ۔ اتفاق سے اس وقت اس کا شوہر فٹ پاتھ پر چلتا ہوا گھر کی طرف آ رہا تھا ، وہ اس پر گری ، خود تو بچ گئی مگر شوہر موقعہ پر ہی جاں بحق ہو گیا ،

اس واقعہ سے ملا نصیر الدین کی ایک کہاوت یاد آ گئی ، ایک روز ملا نصیر الدین ایک گلی سے گزر رہے تھے کہ ایک مکان کی چھت سے ایک آدمی ان پر آن گرا ، اس کا تو بال بھی بیکا نہ ہوا مگر ملا کو سخت چوٹیں آئیں ،

مولانا آپ کے ساتھ ہونے والے حادثہ سے کیا سبق حاصل کیا جا سکتا ہے ؟ ان کے ایک شاگرد نے پوچھا ۔

خوامخواہ باتوں کے نتائج حاصل کرنے اور اس قسم کے سوال سے پرہیز کرنا چاہیئے ، ہاں اگر کوئی شخص چھت سے گریگا تو کیا اس کی گردن ٹوٹ جائیگی ۔۔ اب دیکھیئے ~~گرنے والے~~ وہ صاحب اور گردن میری ٹوٹی ۔۔ ملا نے کراہتے ہوئے جواب دیا ۔۔

اولمپکس ۸۴ء

روڈیشیا کو ایک بار پھر اس سال میونخ میں ہونے والی اولمپکس سے باہر نکال دیا گیا ہے ، کیونکہ وہاں رنگ و نسل کی تفریق کی جاتی ہے ۔ چند سفید نسل کے لوگ کالوں کی اکثریت پر حکومت کرتے ہیں ، علاوہ ازیں روڈیشیا کی حکومت کو بین الاقوامی طور پر منظور نہیں کیا گیا ۔ تائیوان ابھی تک کھیلوں میں شریک ہے ، جب کہ چین ان میں شامل نہیں ۔ یوگنڈا نے ایشیائی لوگوں کے ساتھ جو سلوک روا رکھا ہے ، اس کے پیش نظر ان کو رنگ و نسل کی تفریق سے علیحدہ نہیں رکھا جا سکتا ۔ کشمیر پر بھارت زبردستی قابض ہے ، اسرائیل کتنی بار بین الاقوامی جارحیت کا مرتکب ہو چکا ہے ، اب ان حالات کے پیش نظر صرف ایک ملک کے ساتھ ساتھ کون کون سے اور ملکوں کو نکال باہر کرنا چاہئے ۔۔ بہتر ہے کھیل کو اس کی جگہ دی جائے اور سیاست کے اور بہت سے ایوان ہیں ،

مثال

ایک مقرر تقریر کرتے ہوئے انسان اور حیوان کا فرق بیان کرنے لگے کہ انسان روز اول سے ترقی کی طرف برابر قدم بڑھا رہا ہے ، اس کے برعکس کوئی جانور ترقی نہیں کر سکتا ، گدھے کو لیجیئے یہ پانچ ہزار سال پہلے سے آج تک آپ کے سامنے ویسے کا ویسا ہی موجود ہے ، یہ سنتے ہی حاضرین نے مقرر کی طرف غور سے دیکھا اور زور زور سے قہقہے لگانے شروع کر دیئے ۔۔

یوم پاکستان

اس نازک دور میں جب کہ وطن عزیز کی بقا خطرہ میں ہے ، ملک عزیز کا اتحاد پارہ پارہ ہو چکا ، ہماری پاک فوج کے ایک لاکھ جوان دشمن کی قید میں ہیں ، وطن پاک پر اس [illegible]

[illegible]

یوم استقلال کے موقع پر کل جبکہ سب پاکستانی بھائی بہنوں کے لیئے ایک خوشی اور [illegible] کا دن [illegible] ، [illegible] بعض پارٹیوں کی جانب سے جلسوں کا اہتمام کیا گیا [illegible] ایک صاحب کے گھر میں ہوئی تھی ،

ایک تقریب پاکستان پاکستانی فیڈریشن کی طرف سے [illegible] میں منعقد ہوئی ، ہر دو انجمنیں خود کو اصلی ثابت کرنے کی کوشش میں مصروف تھیں ، ایک ہی وقت میں پروگرام رکھے گئے ، پروگرام بھی ملتا جلتا تھا ۔۔ [illegible] پروگرام شامل تھے ۔ یوم پاکستان میں شامل ہونے والی مقرر تھی ۔۔ [illegible] کچھ اس طرح سے ہوا کہ جہاں لوگ کم تھے وہاں حاضری زیادہ تھی اور جہاں [illegible] زیادہ وہاں حاضری کم ۔۔ پروگرام حسب معمول دیر سے شروع ہوئے [illegible] انداز میں بیانات [illegible] ۔ [illegible] پاکستان [illegible] تقریب میں بھی شرکت کی ۔۔ [illegible] ؟

ان جلسوں سے پاکستانیوں کو دو خانوں میں تقسیم ہوتے [illegible] تو ہوا ۔۔ ان کے منتظمین خراج تحسین کے حقدار ضرور ہیں ،

[illegible] ایک تقریب [illegible] ۔ [illegible] ، یہ ایک نہایت سادہ اور منظم تقریب [illegible] ۔۔ [illegible] تقریب شام کا حاصل تھی ۔۔ [illegible] کا اہتمام کیا تھا ۔ باوجودیکہ اس شہر میں پاکستانی مختصر تعداد میں ہیں ، اتحاد کی برکت سے تقریب کامیاب تھی ۔

مکتوب پاکستان

از شیخ احمد

ملک عزیز سے باہر رہنے والے پاکستانیوں کو ملک کی خبریں تو ملک میں مقیم لوگوں سے پہلے مل جاتی ہیں ، بعض اوقات تو یہاں ہم بھی باہر کے ذرائع سے علم ہوتا ہے ،

پچھلے چند ماہ کے دوران پاکستان میں جو کچھ ہوا ہے ، اس کی مختصر سی روداد یہاں پیش ہے ، ہر عوامی دور حکومت کا پہلا باب ہے ، عوام جوش و خروش سے الیکشن میں شریک ہوئے قومی حکومت تو نہ بن سکی مگر سقوط ڈھاکہ کے بعد عوامی حکومت ضرور قائم ہو گئی ، عوام نے حالات بدلنے کی کوشش کی مگر ایک فوجی آمریت سے نجات حاصل کرنے کے بعد ان کو کیا ملا ہے ؟

حالات جس طرف جا رہے ہیں ان سے پتہ چلتا ہے کہ پیپلز پارٹی فقط بحران کی پیداوار تھی ، خود موجودہ صدر نے بار بار اپنی تقریروں میں دعویٰ کیا ہے کہ وہ بحران کی پیداوار ہیں ، آج اس دعویٰ کی حقیقت اس طرح کھل کر سامنے آئی ہے کہ آج درہ خیبر سے لے کر بحیرہ عرب تک ایک نہ ختم ہونے والا بحران برپا ہے ، بحران کی شدت اور عوام قیادت لازم و ملزوم بن کر رہ گئی ہے ، پاکستان اندرونی شکست و ریخت پر خون کی ندیاں بہہ نکلیں ، لاکھوں بندگان خدا فنا کے گھاٹ اتر گئے ، آدھے سے زیادہ ملک دشمن کے قبضہ میں چلا گیا ۔ آخر ایسا کیوں کر ہوا ؟ آج صدر کے مخالفین اعلانیہ کہہ رہے ہیں ، "دنیا میں کسی ملک میں ایک شخص کو کرسی صدارت پر بٹھانے کے لیئے اس سے بڑی قیمت ادا نہیں کی گئی ، "عوام اس کو سن کر نعرے لگاتے ہیں ،

بحران سے جو حالات پیدا ہوئے ہیں ان سے معلوم ہوتا ہے کہ پیپلز پارٹی کے سامنے کوئی نصب العین نہ تھا ، برسر اقتدار آنے سے پہلے اور بعد میں بھی کوئی منصوبہ بندی نہیں کی گئی موجودہ نعرے جن کی بنیاد پر الیکشن جیتا گیا تھا ، حقیقت بن کر نہ ابھر سکے ، اصلاحات کا پرچار بہت کیا گیا مگر پارٹی میں شامل جاگیرداروں ، زمینداروں اور صنعت کاروں کو اصلاحات سے کوئی دلچسپی نہیں ، موجودہ اصلاحات ابھی اعلانات کے علاوہ کچھ حاصل نہیں ہوا ، زرعی اصلاحات سے جو زمین حاصل ہوئی ہے اس سے چند اضلاع کے کسانوں کے مطالبات پورے ہو جائیں تو غنیمت ہے ، ہر صوبہ میں کسانوں اور زمینداروں کی باہمی آویزش نے عوام کو گرفتہ کی طرف دھکیل دیا ہے ، اندرون سندھ اور سرحد میں تصادم ہوئے ہیں ، پارٹیوں اور کسانوں کی بستیاں جلا دی گئیں ، زمینداروں کو قتل کیا گیا !

مزدوروں نے بھی روٹی کپڑا اور مکان کا نعرہ صحیح سمجھ لیا ، لیکن جب کچھ ہاتھ نہیں لگا تو اب ان کا اضطراب دن بدن شدید سے شدید تر ہوتا جا رہا ہے ، اب جلسوں میں برملا کہا جا رہا ہے کہ روٹی کپڑا صرف کفن کے لیئے مل سکتا ہے ، زمین قبر کے لیئے ملے گی ، روٹی مانگو تو گولی ملتی ہے ، صرف ابھی تک یہی فرق ہے جو حکومت کے عتاب سے کسی حد تک محفوظ ہے بعض حالات میں تو ان کو کاروائی کی پوری اجازت ہے ، پاکستان کے بیشتر کارخانے گھیراؤ اور جلاؤ کی نظر ہو چکے ہیں ، صنعت کار بھی ایسی لاٹھی ہانکے جا رہے ہیں ، اگر کوئی اپنی عزت محفوظ رکھنی مشکل نظر آتی ہے ، پیداوار ایک تو کارخانے بند ہو جانے سے بہت کم اور باقی کسر صنعتی فسادات نے پوری کر دی ہے ، مہنگائی ہے کہ آسمان سے باتیں کر رہی ہے ، وہ چیزیں جن کی قیمتیں مشرقی پاکستان کی مارکیٹ چھن جانے کی وجہ سے کم ہونی تھی اور بڑھ گئی ہیں ، سندھ کے فسادات نے رہی سہی ساکھ بھی ختم کر دی ۔ سندھ جو انڈسٹریل ایریا مکمل طور پر مفلوج ہے ، بیرونی ملکوں کی فرمیں یا تو بوریا بستر سمیٹ چکی ہیں یا دکان بڑھانے کی فکر میں ہیں ،

بے روزگاری عروج پر ہے ، پروفیشنل ڈگریوں کی بھی کوئی قدر نہیں ، سعودی عرب اور لیبیا کے سفارت خانہ سے دو چار آسامیوں کا اشتہار نکلتا ہے تو خلق خدا دھوپ اور گرمی میں ہزاروں کی تعداد میں وہاں پہنچ جاتی ہے ، نفسا نفسی کا عالم ہوتا ہے ، وہاں سے گالیاں ملتی ہیں ، پولیس تک نوبت پہنچی ہے ، یہ واقعات ابنا کئی مرتبہ دہرائے جا چکے ہیں ، کوئی بے قدری سی بے قدری ہے ،

طلباء تقسیم اسناد کے موقع پر اپنی ڈگریاں پھاڑ کر چانسلروں کے منہ پر مار چکے ہیں ، کراچی ، لائلپور اور لاہور میں یہ ہو چکا ہے ، یونیورسٹی کے ارباب بست و کشاد اور ضلعی انتظامیہ میں اتنی سکت کہاں کہ بپھرے ہوئے طلباء کا سامنا کر سکے ۔ چنانچہ سب تعلیمی ادارے بند ہیں ، سیاستدانوں نے طلباء کو مختلف انجمنوں کو در غلا کر متحارب گروہوں میں بانٹ رکھا ہے ،

خود حکومتی پارٹی مختلف گروہوں میں بٹ چکی ہے ، ہر طرف نے اپنی اپنی گروہ بندی کر لی ہے ، مارکسسٹ ایک طرف ہیں ، سوشلسٹ بھی ہیں ، جاگیردار اور زمیندار علیحدہ ہیں ، صنعت کار اور سرمایہ دار اپنی طرف سے تار ہلانے کی کوشش میں مصروف ہیں ، ہر گروہ ایک دوسرے پر وار کرنے سے بھی نہیں چوکتے !

معلوم ہوتا ہے اس ملک کی کہانی اتنی سی ہے کہ ۲۵ سال تک سرمایہ داروں اور جاگیرداروں نے مل کر اسلام کے نام پر عوام کا استحصال کیا ، جب عوام نے ان کو مسترد کر دیا تو یہی بھیس بدل کر سوشلزم اور اسلامی سوشلزم کے نام پر پھر سامنے آ گئے ، صد حیف قوم ایک بار پھر دھوکا کھا گئی ۔ یہ قوم پہلے فریب خوردہ تو ہے مگر ابھی شکست خوردہ نہیں ہوئی ہے ، اب ایک اور انقلاب کے انتظار میں ہیں ، یہ کب اور کہاں سے آئے گا اور ہمیں کہاں لے جائیگا ؟ اس میں کہیں خود کو بھی قربان نہ کر بیٹھیں ! ہم بحیثیت قوم زندہ بھی رہ سکیں گے یا نہیں ، خدا جانے اس کا راستہ کس قدر جاں گسل اور دشوار ہوگا ۔

یہ عشق نہیں آساں بس اتنا سمجھ لیجئے
اک آگ کا دریا ہے اور ڈوب کے جانا ہے

تصویر کا دوسرا رخ دیکھیئے تو صورت حالات کچھ اتنی امید افزا نہیں ہیں ، حزب اختلاف نے اگر صدر اور ان کی پارٹی کو گلی کوچوں میں نعرے لگا کر یا تشدد آمیز تقریروں سے اقتدار چھوڑنے پر مجبور کیا تو جمہوری عمل ایک بار پھر رک جائیگا ۔ ابھی تک ان میں سے کوئی بھی پارٹی ملک کو ایک موثر قیادت فراہم کرتی نظر نہیں آتی ۔ جلسوں کی رونق کو چار چاند لگا لینا آسان کام ہے ، مگر تعمیری کام کرنا دوسری بات ہے ،

باقی کالم نمبر ایک

Exclusive
International
Holidays.

When going home choose your
Airline and duty freesshop in
Europe- Call us for the
service at its BEST........

Telephone 868-0122

visit
New Greenwood Marketeria
at
1606 QUEEN ST. E. 466-2806
for
Meat-Grocery-Fresh Fruits & Vegetables

INDO-PAK TRADING LTD.
Please visit us for
Masalas-Dals-Basmati rice-Condiments
ALSO FREE TRAVEL ADVICE
111 Dupont St. 921-3368

مرکزی اور صوبائی سطح پر مخلوط وزارتیں بننے کا امکان

مرکزی حکومت میں شمولیت کا فیصلہ نیپ اور جمعیت کی ہائی کمان کریگی

اس نازک موقعہ پر مفاہمت کی فضا پیدا کرنا ہر شخص کا فرض ہے: مفتی محمود کی اپیل

پشاور ۸ اگست (اے پی پی) صوبہ سرحد کے وزیر اعلیٰ مولانا مفتی محمود نے کہا ہے کہ کل رات راولپنڈی میں صدر بھٹو کے ساتھ ایک خصوصی ملاقات میں سیاسی اور حکومتی سطح پر تعاون کے اصولوں پر غور کیا گیا۔ [illegible]

مولانا مفتی محمود نے ایک اخبار نویس کو بتایا کہ تینوں پارٹیوں کے درمیان بنیادی طور پر کوئی اختلاف نہیں ہے۔ [illegible] مفتی محمود نے ایک سوال کے جواب میں کہا کہ نیپ اور جمعیت علمائے اسلام کی ہائی کمان یہ فیصلہ کرسکتی ہیں کہ ان کی پارٹیاں مرکزی حکومت میں شریک ہوں۔ [illegible] مفاہمت کے جذبے کو برقرار رکھیں۔

ملک کی سالمیت اور بقا خطرہ میں پڑجائے گی۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ [illegible]

پاک بھارت فوجوں کی واپسی ۳ ستمبر تک مکمل ہوجائیگی

نئی دہلی کے مذاکرات سے معاہدہ شملہ پر عملدرآمد میں دیر لگی: سرکاری ذرائع

کشمیر میں کنٹرول لائن کے مسئلے پر کچھ اختلافات پائے جاتے ہیں

اسلام آباد ۸ اگست (اے پی پی) ریڈیو پاکستان، سرکاری ذرائع نے بتایا ہے کہ ۳ ستمبر تک پاکستان اور بھارت کی فوجوں کی واپسی مکمل ہوجائے گی۔ [illegible]

حکومت بنگلہ دیش میں پھنسے ہوئے پاکستانیوں کے مسئلہ پر غور کر رہی ہے

اسلام آباد ۸ اگست (اے پی پی) باخبر ذرائع نے [illegible]

بنگلہ دیش حکومت کی مسلم دشمن پالیسی

راولپنڈی ۸ اگست (اے پی پی) بنگلہ دیش نام نہاد [illegible]

بھارت عنقریب ایٹمی دھماکہ کریگا

ایٹم بم کی جلد از جلد تیاری کے لئے تمام ضروری اجزاء بھارت نے حاصل کرلئے

ٹرامبے، کوٹا اور تاراگڑھ کے ایٹمی مرکزوں میں زور شور سے تیاریاں

بھارت کے ایٹمی دھماکے کا مقصد اپنے پڑوسیوں کو مرعوب کرنا ہے: بی بی سی

لندن ۸ اگست (ریڈیو رپورٹ) بی بی سی نے حال ہی میں بھارت کا دورہ کرنے والے ایک برطانوی صحافی کی رپورٹ کے حوالے سے بتایا ہے کہ بھارت نے وہ تمام اجزاء حاصل کرلئے ہیں جو ایٹم بم کی تیاری کے لئے ضروری ہیں۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ بھارت ایٹم بم بنانے کا ارادہ رکھتا ہے اور اس کا اظہار بھارتی وزیر اعظم مسز اندرا گاندھی بھی کئی بیانات میں کرچکی ہیں۔ بھارت کے ایٹم بم بنانے کی خواہش کا اظہار اس امر سے بھی ہوتا ہے کہ اس نے جوہری اسلحہ کے پھیلاؤ کی روک تھام کے معاہدے پر دستخط کرنے سے انکار کردیا تھا۔ رپورٹ کے مطابق اس کا امکان ہے کہ بھارت عنقریب ایٹمی دھماکہ کریگا۔ [illegible]

بھارت میں پلوٹونیم سے چلنے والا ری ایکٹر جلد کام شروع کرے گا۔ [illegible] اس کا قوی امکان ہے کہ بھارت عنقریب جو ایٹمی دھماکہ کرے گا وہ زیر زمین ہوگا۔ [illegible] سیاسی مبصرین کا کہنا ہے کہ بھارت ایٹمی دھماکہ کرکے اپنے پڑوسی ملکوں کو مرعوب کرنا چاہتا ہے۔

چند لوگ

(رئیس امروہوی)

ملک کے مصائب سے یہ تو ہوگیا ثابت

کوئی دھو نہیں سکتا بخت کی سیاہی کو

سندھ کے حوادث سے یہ تو ہوگیا روشن

چند لوگ کافی ہیں ملک کی تباہی کو

پاکستان کو بچانا ہے تو آپس میں دست و گریبان ہونے کی بجائے متحد ہوجائیں

تعصب پھیلا کر اور نفرت پھیلا کر مسائل حل نہیں کئے جاسکتے (نورالامین)

[illegible]

قرارداد پاکستان کو غلط معنی پہنانے کی کوشش کبھی کامیاب نہ ہوگی: طفیل محمد

بنگلہ دیش کو تسلیم کرتے ہی پاکستان جارح اور ہمارے جنگی قیدی مجرم ہوجائیں گے

لاہور ۸ اگست۔ جماعت اسلامی کے ایک پریس ریلیز کے مطابق میاں طفیل محمد [illegible]

اسلامی خبر رساں ایجنسی کے لئے پاکستان کا انتخاب

کوالالمپور ۸ اگست (اے پی پی) ڈاکٹر مصر، ایران، مراکش، پاکستان، سعودی عرب اور سینیگال کو بین الاقوامی اسلامی خبر رساں ایجنسی کے بورڈ میں دو برس کے لئے منتخب کیا گیا ہے۔ [illegible]

مالاکنڈ میں دس افراد ہلاک متعدد زخمی

پشاور ۸ اگست (اے پی پی) بتایا گیا ہے کہ مالاکنڈ ڈویژن میں [illegible] کے درمیان زبردست لڑائی ہوئی ہے جس میں کم از کم دس افراد ہلاک اور متعدد زخمی ہوئے ہیں۔ [illegible]

راولپنڈی ۸ اگست (اے پی پی) بنگلہ دیش کے تعلیمی اداروں میں تقریباً ۱۲۰ اساتذہ کو ملازمتوں سے برطرف کردیا گیا ہے [illegible] عوامی لیگ حکومت کے اس اقدام کے خلاف سارے بنگلہ دیش میں اساتذہ نے شدید غم و غصہ اور نفرت کا اظہار کیا ہے۔ [illegible] بھارت کی مخالفت کریں گے۔

گندم کی سرکاری قیمت ۲۵ روپے مقرر کی جائے

پاکستان کمیونسٹ پارٹی کا قیام

کراچی ۸ اگست (اسٹاف رپورٹر) پاکستان کی ۲۵ ویں سالگرہ کے موقع پر کراچی میں پاکستان کمیونسٹ پارٹی کا قیام عمل میں آیا ہے۔ پاکستان کمیونسٹ پارٹی کے آرگنائزر [illegible] نے پارٹی کے قیام کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ مرکزی وزیر مسٹر عبدالحفیظ پیرزادہ کی اس وضاحت پر کہ کمیونسٹ پارٹی پر کوئی پابندی نہیں ہے اس پارٹی کا قیام عمل میں لایا گیا ہے۔ [illegible]

صدر بھٹو کے برسر اقتدار آنے سے دو روز قبل خانہ جنگی کی سازش

میجر جنرل شمیم، بریگیڈیئر علی، بریگیڈیئر اقبال مہدی اور دیگر تین فوجی افسر ریٹائر

چیف آف اسٹاف نے یہ کارروائی تحقیقاتی عدالت کی رپورٹ پر کی ہے

صدر کے معاون خصوصی رفیع رضا کا پریس کانفرنس میں اعلان

بھارتی ثقافتی طائفے کے دورے کی تردید

لاہور۔ مرکزی وزیر اطلاعات و نشریات مولانا کوثر نیازی نے اس خبر کی تردید کی ہے کہ کوئی بھارتی ثقافتی طائفہ پاکستان آرہا ہے۔

بنگلہ دیش میں امریکی سفیر کا تقرر

★ ★ ★ ★

بنگلہ دیش کو تسلیم کرنے سے بہاریوں کا تحفظ ہو سکیگا، سلطان محمد خان

امریکہ میں رہنے والے پاکستانیوں نے سفیر کو آزادی صحافت کی بحالی کے لئے قرارداد پیش کی

جنگی متاثرین کی آبادکاری

اقوام متحدہ سے امداد کی درخواست

آبادکاری کے لئے آئندہ ۶ ماہ میں پاکستان کو ساڑھے سات کروڑ ڈالر فراہم کئے جائیں، اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل کی اپیل

پاکستان کے استحکام کو پارہ پارہ ہونے نہیں دیا جائیگا

بھارتی تاجر بنگلہ دیش کی معیشت پر قابض ہوگئے ہیں: اخبارات کی فریاد

گندم کی آئندہ فصل تک متاثرین کو امداد کی ضرورت ہے

خوراک، زرعی آلات اور وسائل نقل و حمل کی فراہمی کے لئے پاکستان کی یادداشت

پاک فضائیہ کا طیارہ پشاور کے قریب گر کر تباہ ہوگیا: ہوا باز نے پیراشوٹ کے ذریعہ کود کر جان بچالی

آئندہ سال سے پرائیویٹ امتحان دینے کا طریقہ کار ختم کر دیا جائیگا

ایران اور پاکستان میں معاہدہ

زرعی اصلاحات کے تحت بیس کروڑ روپے کی فاضل اراضی کاشت کاروں میں مفت تقسیم کی جائے گی:

NOW LOWEST, THE LOWEST AIR FARE

TO پاکستان PAKISTAN

$499 RETURN

air - aid

TRAVEL SERVICE

Toronto, Telephone.
868-0222

Suite, 3707-Royal
Trust Tower.
T-D Centre, Tor. 111

H. W.
Super Market
Please Shop Your
GROCERY
AT 272 DUPONT ST.
923-3939

بسم اللہ الرحمن الرحیم

صدائے پاکستان

پندرہ روزہ

ٹرانٹو کینیڈا

یاد کرو وہ وقت جب کہ تم تھوڑے تھے، زمین میں تم کو بے زور سمجھا جاتا تھا۔ تم ڈرتے رہتے تھے کہ کہیں لوگ تمہیں مٹا نہ دیں۔ پھر اللہ نے تم کو جائے پناہ مہیا کر دی۔ اپنی مدد سے تمہارے ہاتھ مضبوط کیے اور تمہیں اچھا رزق پہنچایا تاکہ تم شکرگزار بنو۔ اے ایمان والو! جانتے بوجھتے اللہ اور اس کے رسول کے ساتھ خیانت نہ کرو اور اپنی امانتوں میں غداری کے مرتکب نہ ہو۔

مستقل آئین آئندہ سال ۲۳ مارچ کو نافذ کر دیا جائے گا: قصوری

قراردادِ مقاصد کو مستقل آئین میں شامل کیا جا چکا ہے، ملک کا نام اسلامی جمہوریہ پاکستان ہوگا

مسودہ آئین کی کاپیاں چھپوا کر ارکان اسمبلی اور عوام میں تقسیم کی جائیں گی

مسودہ آئین پر بحث کے لیے اسمبلی کا اجلاس دو ماہ تک جاری رہے گا

راولپنڈی ۱۰ اگست (اے پی پی) قومی اسمبلی نے آج دستور ساز ادارہ کی حیثیت سے مستقل آئین کے مسودہ کی تیاری کی مدت میں ۳۱ دسمبر تک توسیع منظور کر لی ہے تاہم سپیکر نے قرار دیا کہ اسمبلی کا باقاعدہ دستوریہ آئندہ اجلاس ۱۵ اگست کو ہوگا۔ اور متعلقہ ضروری امور پر غور کیا جائے گا۔ مسودہ آئین کی تیاری میں توسیع کی تحریک آج وزیر قانون میاں محمود علی قصوری نے جو آئینی کمیٹی کے چیئرمین بھی ہیں پیش کی۔ اس موقع پر انہوں نے افسوس ظاہر کیا کہ کمیٹی ۱۴ اگست تک کی مقررہ مدت میں مستقل آئین کا مسودہ تیار نہیں کر سکی۔ انہوں نے کہا اس کی متعدد وجوہات ہیں جنہیں وہ اس موقع پر پیش نہیں کرنا چاہتے تاہم مسودہ آئین اس سال کے اختتام سے قبل اسمبلی میں پیش کر دیا جائے گا۔ مسودہ آئین کی کاپیاں چھپوائی جائیں گی جو ارکان اسمبلی اور عوام میں تقسیم کی جائیں گی۔ اور مسودہ پر ارکان اور عوام کو بحث کے لیے پورا وقت دیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ مسودہ آئین مکمل ہونے پر صدر ان کی درخواست پر جنوری میں اسمبلی کا اجلاس طلب کریں گے جو تقریباً دو ماہ جاری رہے گا۔ میاں قصوری نے امید ظاہر کی کہ ۲۳ مارچ کے تاریخی دن پاکستانی عوام کو نیا آئین مل جائے گا تاہم انہوں نے کہا کہ وہ قبل از وقت آئین کی تیاری کے امکان کو رد نہیں کرتے اگر آئین پہلے تیار ہو گیا تو وہ صدر سے اسمبلی کا اجلاس بلانے کی درخواست کریں گے وہ چاہتے ہیں کہ آئین کمیٹی کو اپنا کام مکمل کرنے کے لیے مقررہ مدت میں توسیع نہ کرانی پڑے۔

اس سال دس ہزار کوارٹر تعمیر کیے جائیں گے

مکانات مہیا کرنے کے لیے چند روز تک نئی وزارت قائم کر دی جائے گی

لاہور ۱۰ اگست۔ اے پی پی۔ پنجاب کے وزیر تعمیرات و مواصلات حنیف رامے نے آج یوم استقلال کے سلسلے میں ایک جلسے سے خطاب کرتے ہوئے بتایا کہ شہری آبادی کے لیے جدید مکانات کے پلان کے تحت اس سال کے دوران دس ہزار کوارٹر تعمیر کیے جائیں گے۔ انہوں نے مزید انکشاف کیا کہ مکانات مہیا کرنے کے لیے آئندہ دو تین دن کے اندر اندر ایک نئی وزارت قائم کر دی جائے گی اور حکومت پنجاب کا پروگرام ہر سال دس ہزار رہائشی کوارٹر تعمیر کرنے کا ہے۔

گورنمنٹ ٹرانسپورٹ سروس کیلئے ایک کروڑ روپے کی نئی بسیں خریدی جائیں گی

لاہور ۱۰ اگست (اے پی پی) گورنمنٹ ٹرانسپورٹ سروس کی بسوں کی کمی کو دور کرنے کے لیے حکومت نے نئی بسیں خریدنے کا فیصلہ کیا ہے۔ صوبائی وزیر ٹرانسپورٹ مسٹر ... نے بتایا کہ نئی بسیں خریدنے کے لیے ایک کروڑ روپے کی رقم منتقل کر دی گئی ہے انہوں نے جی ٹی ایس کے کارکنوں کو یقین دلایا کہ ان کی چھانٹی نہیں کی جائے گی۔ صوبائی وزیر نے یقین دہانی بھی کرائی کہ اعلیٰ سطحی کمیٹی کی سفارشات پر دس روز کے اندر اندر عمل درآمد ہو جائے گا۔

☆ ☆ ☆ ☆

آٹھویں جماعت تک قرآن پاک کی تعلیم لازمی قرار دے دی گئی

بارہویں جماعت تک اسلامی تاریخ کی تدریس کے لیے کمیٹیوں کا تقرر

اسلام آباد ۱۰ اگست (اے پی پی) مرکزی وزیر تعلیم مسٹر حفیظ پیرزادہ نے کہا ہے کہ نئی تعلیمی پالیسی کے تحت دوسری جماعت سے آٹھویں جماعت تک قرآن پاک کی تعلیم لازمی قرار دے دی گئی ہے۔ اور اس کیلئے ریڈیو پاکستان کا ایک علیحدہ چینل قائم کیا جائے گا۔ مسٹر پیرزادہ نے کہا ہے کہ پہلی جماعت سے آٹھویں جماعت تک اور نویں سے بارہویں جماعت تک اسلامی تاریخ کی تدریس کے لیے حکومت نے دو کمیٹیاں قائم کر دی ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ یہ کمیٹیاں یکم اکتوبر تک اپنی رپورٹ پیش کر دیں گی۔ مسٹر پیرزادہ آج اسمبلی ہال میں وقفہ سوالات میں چوہدری محمد اقبال کے ایک سوال کا جواب دے رہے تھے۔ انہوں نے بتایا کہ اسلامی تاریخ، اسلامیات اور معاشرتی علوم کے ایک حصہ کی حیثیت سے پڑھائی جائے گی۔ وزیر تعلیم نے کہا کہ یہ دونوں مضامین دسویں جماعت تک لازمی ہیں اس سے اسلامی تاریخ کو ان کے ساتھ شامل کیا جا رہا ہے اس سوال کے جواب میں کہ آیا حال ہی میں اسلامی تاریخ، اسلامیات اور معاشرتی علوم کے ساتھ ریڈیو تعلیمی ... ہو سکتا۔ مولانا ... نے ... اسلامیات کی کتابوں سے حضرت ابوبکر صدیقؓ، حضرت عمر فاروقؓ ... کے ناموں کو موجودہ حکومت نے حذف کر دیا ہے۔ مسٹر پیرزادہ نے بتایا کہ موجودہ حکومت کا اس سے کوئی تعلق نہیں بلکہ موجودہ حکومت نے ... تمام جماعتوں تک اسلامی تعلیم ... کے مکمل نفاذ کے بعد تمام تبدیلیاں ہوں گی۔ وزیر تعلیم نے بتایا کہ قرآن حکیم کو باترجمہ پڑھانے کے لیے اکثر سکولوں کو سہولتیں دی جائیں گی۔ انہوں نے ضمنی سوالات کے جواب میں کہا کہ دسویں جماعت تک اکتوبر سے مذہبی تعلیم لازمی قرار دے دی جائے گی۔ وزیر تعلیم نے کہا کہ ملک بھر میں یکم اکتوبر ۱۹۷۲ء سے آٹھویں جماعت تک اور یکم اکتوبر ۱۹۷۳ء سے دسویں جماعت تک مفت تعلیم کر دی جائے گی۔ ... کے اس سوال کے جواب میں کہ آیا مفت تعلیم کے تحت طلبہ کی رہائش اور طعام کی سہولتیں بھی فراہم کی جائیں گی وزیر تعلیم نے کہا کہ یہ سہولتیں صرف ذہین اور ہونہار طلبہ کو دی جائیں گی ... مسٹر پیرزادہ نے کہا کہ یہ بات بالکل صحیح ہے۔

گورنر کھر کے خلاف آغا شورش کے الزامات کی تحقیقات ۱۵ اگست سے شروع ہوگی

تحقیقاتی کمیشن کا پہلا اجلاس ۱۶ اگست کو ہوگا

لاہور ۱۲ اگست (اے پی پی) لاہور ہائیکورٹ کے ایک ہینڈ آؤٹ کے مطابق جو تحقیقاتی کمیشن گورنر پنجاب ملک غلام مصطفیٰ کھر کے خلاف آغا شورش کاشمیری کے عائد کردہ الزامات کی تحقیقات کے لیے مقرر کیا گیا ہے وہ ۱۵ اگست سے تحقیقات شروع کر دے گا کمیشن کا پہلا اجلاس ۱۶ اگست کو ۱۱ بجے مسٹر جسٹس مشتاق حسین کے کمرہ عدالت میں منعقد ہوگا سماعت کھلی ... آغا شورش کاشمیری نے گورنر پنجاب کے خلاف دو الزامات عائد کئے تھے (۱) ملتان وہاڑی کے پل سے گزرنے کے لیے ٹول ٹیکس کا ٹھیکہ گورنر کے ایک بھائی کو دیا گیا اور گورنر پنجاب اس فیصلے کے حصہ دار ہیں (۲) گورنر نے اس کی چار دیواری پر دوبارہ جنگلہ نصب کرنے کا ٹھیکہ بھی گورنر پنجاب کے ایک رشتہ دار کو دیا گیا۔ تحقیقاتی کمیشن جو مسٹر جسٹس مشتاق حسین پر مشتمل ہے۔ پاکستان انکوائری کمیشن ایکٹ مجریہ ۱۹۵۶ء کے تحت قائم کیا گیا ہے۔ مسٹر جسٹس مشتاق حسین نے ایک ... میں کہا کہ اس تحقیقات میں دیوانی عدالت کا ضابطہ اور طریق کار اختیار کیا جائے گا۔ کمیشن کو اپنی رپورٹ تحقیقات شروع کرنے کے بعد دس دن کے اندر اندر پیش کرنا ہوگی۔

بنگلہ دیش میں اسلام کو ختم کیا جا رہا ہے: مولانا بھاشانی

میں ایک ایک مسجد میں جا کر موجودہ حکومت کی اسلام دشمن پالیسی کو بے نقاب کروں گا

کوالمپور ۱۰ اگست۔ اسلام کو بنگلہ دیش میں شدید خطرہ درپیش ہے۔ میں ملک کی ۹۰ ہزار مسجدوں میں جاؤں گا اور عوام کو بتاؤں گا کہ میرے ملک میں اسلام کو ختم کیا جا رہا ہے۔ ان خیالات کا اظہار نیشنل عوامی پارٹی کے سربراہ مولانا عبدالحمید بھاشانی نے ایک جلسہ عام میں تقریر کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ میں ڈھاکہ میں گھر گھر جا کر موجودہ حکومت کی اسلام دشمن پالیسی کو بے نقاب کروں گا۔ مولانا بھاشانی کی اس تقریر کے بعد ہمارے ملک کے سیاسی حلقوں میں حیرت کا اظہار کیا جا رہا ہے۔ اور غیب گورنمنٹ مولانا بھاشانی کی ہر حرکت پر کڑی نگاہ رکھے ہوئے ہے۔ مولانا بھاشانی نے اس جلسے میں قرآن اور سنت کے حوالے سے کہا کہ اسلام سوشلزم کا حامی ہے۔

اسلامی نظام

سید قطب شہید لکھتے ہیں:-

بے شک اسلام کو یہ حق پہنچتا ہے کہ وہ ابتدا ہی پیش قدمی سے کرے۔ اسلام کسی قوم یا وطن کی میراث نہیں۔ یہ خدا کا دین ہے اور تمام دنیا کے لیے ہے۔ اسے یہ حق حاصل ہونا چاہیے کہ وہ ان موانع کو پاش پاش کر دے جو غلط روایات اور جابر نظاموں کی شکل میں پائے جاتے ہیں اور جو انسان کی آزادی انتخاب کو پابند سلاسل کرتے ہیں۔ وہ افراد پر حملہ نہیں کرتا۔ نہ ان پر اپنا عقیدہ زبردستی ٹھونسنے کی کوشش کرتا ہے وہ صرف حالات و نظریات سے تعرض کرتا ہے تاکہ افراد انسانی کو ان کے فاسد اور زہریلے اثرات سے بچائے جنہوں نے ان کی فطرت کو مسخ کر دیا ہے اور ان کی آزادی افکار کو پامال کر رکھا ہے۔ اسلام اپنے اس حق سے کسی طور پر دستبردار ہونے کو تیار نہیں کہ وہ انسانوں کو بندوں کی غلامی سے نکال کر صرف ایک خدا کی بندگی پر جمع کرے تاکہ وہ اللہ تعالیٰ کی ربوبیت اور انسانوں کی آزادی کامل کی تحریک پایہ تکمیل تک پہنچا سکے۔ اسلامی نظریہ اور واقعیت دونوں کے لحاظ سے اللہ تعالیٰ کی بندگی اپنی پوری شان سے صرف اسلامی نظام ہی کے سائے میں روبعمل آ سکتی ہے۔ اسلامی نظام ہی ایک ایسا منفرد نظام ہے جس میں تمام انسانوں کے لیے خواہ وہ حاکم ہوں یا محکوم کالے ہوں یا گورے، غریب ہوں یا امیر قریب کے ہوں یا دور کے صرف اللہ تعالیٰ ہی قانون ساز ہوتا ہے اور سب انسان یکساں طور پر اس کے آگے سرنگوں ہوتے ہیں۔ دوسرے نظام ہائے حیات تو ان میں انسان اپنے ہی جیسے انسانوں کی بندگی کرتے ہیں اور وہ اپنے ہی جیسے انسانوں کے گھڑے ہوئے قانون کی اطاعت کرتے ہیں۔ شریعت سازی الوہیت کی اولین خصوصیتوں میں سے ایک خصوصیت ہے جو انسان یہ دعویٰ کرے کہ اسے انسانوں کے لیے اپنی حسب منشا قانون بنانے کا اختیار ہے وہ الوہیت کا مدعی ہے خواہ وہ زبان سے الوہیت کا دعویٰ کرے یا نہ کرے۔

قائداعظم نے کہا

حضرات میری نظر میں اردو کی ایک بڑی خوبی یہ ہے کہ وہ پاکستان کے کسی صوبے کی زبان نہیں بلکہ تمام پاکستانیوں کی زبان ہے جسے ہر صوبے اور ہر مقام پر بولا اور سمجھا جاتا ہے۔

KASHMIR VALLEY RESTAURANT

Indian & Pakistani Quality Food

HALAL MEAT – VEGETARIAN DISHES – SWEETS

830 YOUNG ST. 921-2398

Money makes money. Does yours?

It can, you know. Sure, your money seems to go out as fast as it comes in. But part of what you earn can be earning dollars for you. And the Man from Investors can show you how it's done. He has figures that show how thousands of Canadians, just like you, are successfully investing their money for future profit with Investors – the largest company of its kind in Canada. And he'll help you to select the Investors plan best suited to your personal financial situation. What better time than now to start your money making money! Call the Man from Investors today!

LATEEF OWAISI

Ste. 380 - 10 Wynford Heights Crescent, Don Mills, Ontario

Business 449-0600

Investors SYNDICATE LIMITED

Ali Baba

welcomes you to Niagara Falls, Canada with his traditional oriental hospitality. Ali Baba's cuisine of the Orient presents to you from the tables of Shaikhs, Khans, Pashas, Maharajas and the sultans of the Orient Shish Kebabs, Steaks, Chicken Tandoori, Sea Foods, Vegetarian Foods at their best, and many other delicious curried foods. Also selected American and Canadian dishes.

Ali Baba International Restaurant · Dinig Lounge

"ASIA HOUSE" — Center Street, Niagara Falls, Canada. Tel. 354-6933 & 356-8785

OPEN ALL NIGHT 7 DAYS-A-WEEK

پندرہ روزہ

صدائے پاکستان

ٹورانٹو کینیڈا

جلد | یکم ستمبر ۱۹۷۲ء ۔ ۲۲ رجب المرجب ۱۳۹۲ھ | نمبر ۱۱

آغا شورش کاشمیری اور نوابزادہ شیر علی خاں کو گرفتار کر لیا گیا

نوابزادہ شیر علی تعزیرات پاکستان کی دفعہ ۱۲۴ الف اور آغا شورش ڈیفنس آف پاکستان رولز کے تحت گرفتار کیے گئے

آغا شورش نے ایک دوست مسلم ملک کے ساتھ پاکستان کے تعلقات خراب کرنے کی کوشش کی ہے: سرکاری پریس نوٹ

نوابزادہ شیر علی کو گرفتاری کے بعد کراچی بھیج دیا گیا

لاہور ۱۰ اگست (نمائندہ خصوصی) آج یہاں مدیر چٹان آغا شورش کاشمیری اور سابق مرکزی وزیر اطلاعات میجر جنرل (ریٹائرڈ) نوابزادہ شیر علی خان کو گرفتار کر لیا گیا۔ آغا شورش کاشمیری کی گرفتاری لاہور کے ہوائی اڈے سے عمل میں لائی گئی ہے جبکہ نوابزادہ شیر علی خان کو ان کی قیامگاہ واقع ارتس روڈ سے گرفتار کیا گیا ہے۔ ان کے خلاف کراچی پولیس نے تعزیرات پاکستان کی دفعہ ۱۲۴ الف ... [illegible]

... شورش کاشمیری کو ہوائی اڈے سے گرفتار کیا گیا تھا۔ ان کی گرفتاری ڈیفنس آف پاکستان رولز کے تحت عمل میں لائی گئی ... [illegible]

"وفاقی حکومت کو آغا عبدالکریم شورش کاشمیری کے حالیہ طرز عمل ... [illegible]

[illegible]

حمزہ کو گوجرہ میں اور صدیق صفدر، بشیر خاور کو خانیوال میں گرفتار کر لیا گیا

مجسٹریٹ نے تینوں رہنماؤں کا ۱۴ دن کا ریمانڈ دے دیا

[illegible]

صدر بلتستان کا بھی دورہ کریں

[illegible]

مرکزی حکومت کا پریس نوٹ

وفاقی حکومت نے آغا شورش کاشمیری کی گرفتاری کے سلسلے میں آج شب حسب ذیل پریس نوٹ جاری کیا: [illegible]

میں برابری کی بنیاد پر صدر بھٹو سے بات چیت کے لئے تیار ہوں: مجیب

پاکستان اور بنگلہ دیش میں مذاکرات شروع ہونے کی راہ ہموار ہو گئی: بی بی سی

لندن ۱۰ اگست (بی بی سی) شیخ مجیب الرحمٰن نے ایک انٹرویو میں کہا ہے کہ میں مساوی بنیاد پر صدر بھٹو سے ملاقات کرنے کو تیار ہوں ... [illegible]

پاکستانی فوج نے وادی لیپا کی بھارتی چوکیوں کو خالی کرنا شروع کر دیا

بھارتی فوج پاکستانی چوکیوں سے پیچھے ہٹ رہی ہے

اپریل اور مئی میں فتح کی ہوئی فوجی چوکیاں واپس کرنے کا سمجھوتہ: ٹیلیگراف

لندن ۱۰ اگست ٹیلیگراف کے نامہ نگار ... پاکستانی اور بھارتی فوجوں نے کشمیر میں مئی اور اپریل میں جن مقامات پر قبضہ کیا تھا انہیں خالی کرنا شروع کر دیا ہے ... [illegible]

مذہبی تعلیم کا نیا نصاب اس سال اکتوبر میں نافذ کر دیا جائے گا

اسلام آباد ۱۰ اگست (پ پ) مرکزی وزیر تعلیم ... [illegible]

پاکستان کی بقا کے لئے خون کا آخری قطرہ بہانے کو تیار ہوں (ولی خاں)

لاہور ۱۰ اگست (پ پ) نیشنل عوامی پارٹی کے صدر خان عبدالولی خان ... [illegible]

آغا شورش نے غلط اور بے بنیاد الزامات لگا کر

مجھے پارٹی اور حکومت کو بدنام کرنے کی کوشش کی ہے

خاردار تار لگانے کا فیصلہ میرے پیشرو نے کیا تھا

گورنر کھر کا تحقیقاتی جج کے سامنے حلفیہ بیان

لاہور ۱۰ اگست (اسٹاف رپورٹر) ... [illegible]

پی ڈبلیو آر کا ہیڈ کوارٹر اسلام آباد منتقل کر دیا جائے گا

کراچی ۱۰ اگست (نمائندہ خصوصی) ... [illegible]

اعلان ... اطلاع [illegible]

961-4217

SUBSCRIBE TO "VOICE OF PAKISTAN"
Subscription for ONE YEAR $5 only
Send your cheque to:–
FRIENDS OF PAKISTAN
POST BOX: 303; STATION 'D'
TORONTO (ONT.) CANADA

Name ....
Phone No. ....
Address ....